کیمسٹری کے بنیادی اصول

نہم کلاس سمارٹ نوٹس

pakcity.org

4 بائیو کیمسٹری کا سکوپ لکھیئے

بائیو کیمسٹری ایک الگ مضمون کے طور پر اس وقت وجود میں آئی جب سائنس دانوں نے اس چیز کا مطالعہ شروع کیا کہ جاندار اجسام خوراک سے کیسے توانائی حاصل کرتے ہیں اور بیماری کے دوران ان میں حیاتیاتی تبدیلیاں کیسے رونما ہوتی ہیں۔ بائیو کیمسٹری کے اطلاق کی مثالیں طب، خوراک اور زراعت کے میدانوں میں عام ملتی ہیں

5 مادہ اور شے کی تعریف کریں۔

مادہ: ہر وہ چیز جو ماس رکھتی ہے، والیم رکھتی ہے مادہ کہلاتی ہے

شے: مادہ کا وہ ٹکڑا جو اپنی خالص حالت میں پایا جائے شے کہلاتا ہے

6 طبعی اور کیمیائی خصوصیات میں کیا فرق ہے۔

طبعی خصوصیات: ایسی خصوصیات جو مادے کی طبعی حالت سے متعلق ہوں طبعی خصوصیات کہلاتی ہیں **مثلاً** رنگ، بو، ڈینسٹی وغیرہ

کیمیائی خصوصیات: ایسی خصوصیات جن کا انحصار اشیا کی ترکیب پر ہوتا ہے کیمیائی خصوصیات کہلاتی ہیں **مثلاً** ایلیمنٹس کے کیمیکل ریکشنز (یا) پانی کا اپنے اجزا یعنی آکسیجن اور ہائیڈروجن میں تبدیل ہونا۔

7 ایلیمنٹ کی تعریف کریں۔ دو مثالیں دیں

یہ ایک ایسی شے ہے جو ایک ہی قسم کے ایٹمز پر مشتمل ہوتی ہے جن کا اٹامک نمبر یکساں ہوتا ہے اور اسے کیمیائی طریقوں سے سادہ اجزا میں تبدیل نہیں کیا جا سکتا Na, He, H وغیرہ

8 ویلنسی کی تعریف کریں۔ مثال دیجیئے

کسی ایٹم کی دوسرے ایٹم کیساتھ ملنے کی استعداد (صلاحیت) کو ویلنسی کہتے ہیں۔ اس کا انحصار آخری شیل میں موجود الیکٹرونز کی تعداد پر ہوتا ہے۔ **مثلاً** ہائیڈروجن کے آخری شیل میں ایک الیکٹران ہے لہذہ اسکی ویلنسی +1 ہوگی

9 ویری ایبل ویلنسی کی تعریف کریں۔ مثال دیجیئے

کچھ ایلمنٹس ایک سے زیادہ ویلنسی رکھتے ہیں۔ ایسی ویلنسی ویری ایبل ویلنسی کہلاتی ہے

فیرس سلفیٹ میں آئرن کی ویلنسی 2 ہے جبکہ فیرک سلفیٹ میں آئرن کی ویلنسی 3 ہے

10 کمپاونڈ کی تعریف کریں۔ مثال دیجیئے

ایسی شے جو دو یا دو سے زائد ایلیمنٹس کے کیمیائی طور پر متعین نسبت بلحاظ ماس کے ملنے سے وجود میں آئے۔ کمپاونڈ کہلاتی ہے۔ **مثلاً** پانی (H_2O) اور سوڈیم کلورائیڈ $(NaCl)$ کمپاونڈز ہیں.

Please visit for more data at: www.pakcity.org

11 مکسچر کی تعریف کریں۔ مثال دیں

دو یا دو سے زیادہ ایلیمنٹس یا کمپاونڈز بغیر کسی نسبت کے باہم مل جائیں تو ایک مکسچر وجود میں آتا ہے مثلاً مٹی۔ ہوا وغیرہ مکسچر ہیں

12 ہوموجینئس مکسچر اور ہیٹروجینئس مکسچر میں فرق لکھئے (یا) ہوموجینئس مکسچر اور ہیٹروجینئس مکسچر ایک دوسرے سے کیسے مختلف ہیں؟

pakcity.org

ہوموجینئس مکسچر	ہیٹروجینئس مکسچر
ایسے مکسچر جن میں اجزا کی ترکیب ہر جگہ یکساں ہو، ہوموجینئس مکسچر کہلاتے ہیں مثلاً ہوا، آئس کریم	ایسے مکسچر جن میں اجزا کی ترکیب ہر جگہ یکساں نہ ہو، ہیٹروجینئس مکسچر کہلاتے ہیں مثلاً مٹی

13 کمپاونڈ اور مکسچر میں فرق لکھیئے (یا) مکسچر کی چار خصوصیات لکھیئے

کمپاونڈ	مکسچر
1 کمپاونڈ کے اجزا کو طبعی طریقوں سے علیحدہ نہیں کیا جا سکتا	1 اس کے اجزا کو طبعی طریقوں سے علیحدہ کیا جا سکتا ہے
2 ہر کمپاونڈ کا کیمیائی فارمولا ہوتا ہے	2 مکسچر کا کوئی کیمیائی فارمولا نہیں ہوتا
3 کمپاونڈ کی ترکیب ہوموجینئس ہوتی ہے	3 مکسچر کی ترکیب ہومو اور ہیٹرو دونوں ہو سکتی ہے
4 کمپاونڈ کا میلٹنگ اور بوائلنگ پوائنٹ واضح اور متعین ہوتا ہے	4 مکسچر کا میلٹنگ اور بوائلنگ پوائنٹ واضح اور متعین نہیں ہوتا
5 کمپاونڈ کے اجزا کے درمیان واضح اور متعین نسبت ہوتی ہے	5 مکسچر کے اجزا کے درمیان واضح اور متعین نسبت نہیں ہوتی
6 یہ ایٹمز کے کیمیکل ری ایکشن سے وجود میں آتا ہے	6 یہ مختلف اشیا کے طبعی ملاپ سے بنتے ہیں
7 کمپاونڈ کے اجزا اپنی شناخت کھو دیتے ہیں	7 مکسچر کے اجزا اپنی خصوصیات برقرار رکھتے ہیں

www.pakcity.org

14 اٹامک نمبر اور ماس نمبر میں کیا فرق ہے

اٹامک نمبر: کسی ایلیمنٹ میں موجود پروٹانز (یا) الیکٹرونز کی تعداد کو اٹامک نمبر کہتے ہیں۔ اسے "Z" کی سمبل سے لکھتے ہیں۔

ماس نمبر: کسی ایلیمنٹ کے نیوکلیس میں موجود پروٹانز اور نیوٹرانز کی مجموعی تعداد کو ماس نمبر کہتے ہیں۔ اسے "A" سے لکھتے ہیں۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

15 امپریکل فارمولے اور مالیکیولر فارمولے میں کیا فرق ہے۔

امپریکل فارمولا: کیمیکل فارمولے کی سادہ ترین نسبت امپریکل فارمولا کہلاتی ہے۔ سیلیکان اور آکسیجن میں سادہ ترین نسبت 2 : 1 ہے لہذا اسکا امپریکل فارمولا SiO_2 ہوگا

مالیکیولر فارمولا: ایسا کیمیکل فارمولا جو کمپاؤنڈ کے ایک مالیکیول میں موجود تمام ایلیمنٹس کی حقیقی تعداد کو ظاہر کرے۔ مالیکیولر فارمولا کہلاتا ہے۔ **مثلاً** بنزین کا امپریکل فارمولا CH ہے جبکہ اسکا مالیکیولر فارمولا C_6H_6 ہے۔

16 مندرجہ ذیل کے امپریکل اور مالیکیولر فارمولے لکھیے

(i) ہائیڈروجن پرآکسائیڈ (ii) بنزین (iii) گلوکوز

کمپاؤنڈ	امپریکل فارمولا	مالیکیولر فارمولا
ہائیڈروجن پرآکسائیڈ	HO	H_2O_2
بنزین	CH	C_6H_6
گلوکوز	CH_2O	$C_6H_{12}O_6$
پانی	H_2O	H_2O
سیلیکان ڈائی آکسائیڈ (سلیکا)	SiO_2	SiO_2
کیلسیم کلورائیڈ	$CaCl_2$	$CaCl_2$
سوڈیم کلورائیڈ	NaCl	NaCl

17 کیمیائی فارمولا کی تعریف کریں اور مثالیں دیں۔

کسی کمپاؤنڈ کو سمبلز کی مدد سے ظاہر کرنے کو کیمیائی فارمولا کہتے ہیں **مثلاً** پانی کی کیمیائی فارمولا H_2O اور سوڈیم کلورائیڈ کا NaCl ہے

18 مالیکیولر ماس اور فارمولا ماس میں کیا فرق ہے۔

مالیکیول میں موجود تمام ایٹمز کے اٹامک ماسز کا مجموعہ اس مالیکیول کا مالیکیولر ماس کہلاتا ہے **جبکہ** کسی کمپاؤنڈ کے فارمولا یونٹ میں موجود تمام ایلیمنٹس کے اٹامک ماسز کے مجموعہ کو فارمولا ماس کہتے ہیں۔

19 amu کی تعریف کریں (یا) اٹامک ماس یونٹ بیان کیجیے۔

ریلیٹو اٹامک ماس کے یونٹ کو اٹامک ماس یونٹ کہتے ہیں۔ ایک amu کاربن 12 کے 1/12 واں حصہ ہوتا ہے۔ گرام میں یہ $1\ amu = 1.66 \times 10^{-24} g$ کے برابر ہوتا ہے۔

www.pakcity.org
pakcity.org
Please visit for more data at: www.pakcity.org

20 ایٹمز کے لحاظ سے مالیکیولز کی اقسام بیان کیجیئے

مالیکیول: یہ کسی ایلیمنٹ کا سب سے چھوٹا یونٹ ہے جو آزادانہ وجود برقرار رکھ سکتا ہے۔ اس میں ایلیمنٹ کی تمام خصوصیات موجود ہوتی ہیں۔ اسکی مندرجہ ذیل چھ (6) اقسام ہیں

مونو اٹامک مالیکیول: ایک ایٹم پر مشتمل مالیکیول کو مونو اٹامک مالیکیول کہتے ہیں۔ **مثلاً** He، H، Li، Na وغیرہ

ڈائی اٹامک مالیکیول دو ایٹمز پر مشتمل مالیکیول کو ڈائی اٹامک مالیکیول کہتے ہیں **مثلاً** O_2، Cl_2 وغیرہ

ٹرائی اٹامک مالیکیول تین ایٹمز پر مشتمل مالیکیول کو ٹرائی اٹامک مالیکیول کہتے ہیں **مثلاً** H_2O، CO_2 وغیرہ

پولی اٹامک مالیکیول بہت زیادہ ایٹمز پر مشتمل مالیکیول کو پولی اٹامک مالیکیول کہتے ہیں۔ **مثلاً** میتھین CH_4، سلفیورک ایسڈ H_2SO_4، گلوکوز $C_6H_{12}O_6$ وغیرہ

ہومو اٹامک مالیکیولز: ایک جیسے ایٹمز پر مشتمل مالیکیول کو ہومو اٹامک مالیکیول کہتے ہیں **مثلاً** H_2، O_3، S_8 وغیرہ

ہیٹرو اٹامک مالیکیول: مختلف ایٹمز پر مشتمل مالیکیول کو ہیٹرو اٹامک مالیکیول کہتے ہیں **مثلاً** CO_2، H_2O وغیرہ

pakcity.org

21 گرام ایٹم اور گرام مالیکیول میں فرق لکھیئے

گرام ایٹم: اگر کسی ایٹم کا ماس گرام میں ظاہر کیا جائے تو اسے گرام ایٹم کہتے ہیں۔ اسے مول بھی کہتے ہیں **مثال** کے طور پر ہائیڈروجن کے ایک گرام ایٹم کا ماس 1.008 g ہے

گرام مالیکیول اگر کسی مالیکیول کا ماس گرام میں ظاہر کیا جائے تو اسے گرام مالیکیول کہتے ہیں۔ **مثلاً** H_2O کا گرام مالیکیولر ماس "18 g" ہے

22 ایووگیڈرو نمبر کی تعریف کریں۔ اسکا مول سے کیا تعلق ہے

کسی شے کے ایک مول میں موجود پارٹیکلز کی تعداد کو ایووگیڈرو نمبر کہتے ہیں کسی شے کے ایک مول میں 6.02×10^{23} ایٹمز کی تعداد کو ایووگیڈرو نمبر (یا) ایووگیڈرو کانسٹنٹ کہتے ہیں۔ اسے N_A سے ظاہر کرتے ہیں

23 مول سے کیا مراد ہے

جب کسی شے کے اٹامک ماس، مالیکیولر ماس یا فارمولا ماس کو گرامز میں ظاہر کیا جائے تو یہ اس شے کا مول ہوگا۔ کسی شے کے گرام اٹامک ماس کو مول کہتے ہیں۔

کاربن کا اٹامک ماس 12 ہے لہذہ 12 g کاربن، کاربن کا 1 مول ہوگا۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

24 1924 میں ڈی براگلی نے مادے کی دوہری نوعیت کا نظریہ پیش کیا جسکے مطابق مادہ "پارٹیکل نیچر" اور "ویو نیچر" دونوں خصوصیات کا حامل ہے۔

25 ہوا کی کمپوزیشن تحریر کیجئے (یا) ہوا میں کونسی گیسیں موجود ہیں۔ انکے نام لکھئے

نائٹروجن	78%
آکسیجن	21%
آرگان	.9%
کاربن ڈائی آکسائیڈ اور دوسری گیسیں	.03%

26 کاسٹک سوڈا اور دھوبی سوڈا کا کیمیائی فارمولا لکھئے۔

کاسٹک سوڈا $NaOH$

دھوبی سوڈا $Na_2CO_3.10H_2O$

27 سوفٹ ڈرنک مکسچر ہے جبکہ پانی کمپاونڈ ہے۔ وجہ بیان کریں۔

کمپاونڈ کے اجزا خاص نسبت سے ملے ہوتے ہیں۔ جبکہ مکسچر کے اجزا خاص نسبت سے نہیں ملے ہوتے۔ پانی ایک کمپاونڈ ہے کیونکہ اسکے اجزا O, H میں خاص نسبت 2:1 کی پائی جاتی ہے جبکہ سوفٹ ڈرنک کے اجزا میں خاص نسبت نہیں ہوتی۔ اسلیے سافٹ ڈرنک ایک مکسچر ہے۔

28 مالیکولر اور امپریکل فارمولے کے تعلق بیان کیجئے

مالیکولر اور امپریکل فارمولے میں تعلق مندرجہ ذیل مساوات کی مدد سے بیان کیا جاسکتا ہے

امپریکل فارمولا $n \times$ = مالیکولر فارمولا

29 مادے کی طبعی خصوصیات لکھئے (یا) فزیکل خصوصیات سے کیا مراد ہے۔ مثالیں دیجئے

رنگ، بو، ذائقہ، سختی پن، کرسٹل شکل، میلٹنگ پوائنٹ، بوائیلنگ پوائنٹ اور ڈینسٹی وغیرہ مادے کی طبعی خصوصیات ہیں۔

30 دو ایلیمنٹس کے نام لکھئے جو روم ٹمپریچر پر مائع حالت میں پائے جاتے ہیں۔

(i) برومین (ii) مرکری

31 پانی کے ایک مول میں کتنے ہائیڈروجن ایٹم پائے جاتے ہیں۔

پانی کے ایک مول میں 2 ہائیڈروجن ایٹم ہوتے ہیں۔

www.pakcity.org

سوال 2 پارٹیکلز کی تعداد معلوم کرنے کا کلیہ لکھیں۔

نوٹ
(مالیکیولز یا ایٹمز کی تعداد معلوم کرنے کیلئے بھی یہی کلیہ استعمال ہوتا ہے)

$$\text{مولز کی تعداد} \times 6.02\times10^{23} = \text{پارٹیکلز کی تعداد}$$

* فارمولا ماس، مالیکیولر ماس یا مولر ماس ایک طریقے سے ہی معلوم کیے جاتے ہیں اور وہ ہے ایلیمنٹس کے اٹامک ماسز کو جمع کرکے

pakcity.org

سوال 3 HNO_3 کا مالیکیولر ماس معلوم کیجیے۔

$HNO_3 = 1+14+3(16)$

$HNO_3 = 63$ g/mol amu

سوال 4 سوڈیم کلورائیڈ کا فارمولا ماس معلوم کیجیے۔

$NaCl = 23+35.5$

$= 58.5$ g/mol

سوال 5 سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ ($NaOH$) کا مالیکیولر ماس معلوم کیجیے۔

$NaOH = Na+O+H$

$= 23+16+1$

$NaOH = 40$ amu

www.pakcity.org

سوال 6 K_2SO_4 کا فارمولا ماس معلوم کیجیے۔

$K_2SO_4 = 2(K)+S+4(O)$

$= 2(39)+32+4(16)$

$K_2SO_4 = 174$ g/mol

سوال 7 سوڈیم سلفیٹ Na_2SO_4 کا فارمولا ماس معلوم کریں۔

$Na_2SO_4 = 2(23)+32+4(16)$

$Na_2SO_4 = 142$ g/mol

سوال 8 14 گرام نائٹروجن گیس میں مولوں کی تعداد معلوم کیجیے۔

نائٹروجن کا ماس = 14 g

نائٹروجن گیس 'N_2' کا مولر ماس = 28 g

ہم جانتے ہیں

$$\text{مولز کی تعداد} = \frac{\text{شے کا ماس}}{\text{شے کا مولر ماس}}$$

$$= \frac{14}{28}$$

$$\text{مولز کی تعداد} = .5 \text{ mols}$$

س 9: 9 گرام پانی میں مالیکیولز کی تعداد معلوم کریں۔

شے (پانی) کا ماس = 9 g

شے کا مولر ماس = 18 g (پانی کا مولر ماس $H_2O = 18$)

مالیکیولز کی تعداد = ?

ہم جانتے ہیں پارٹیکلز کی تعداد (مالیکیولز کی تعداد) = $6.02 \times 10^{23} \times$ مولز کی تعداد

پہلے مولز کی تعداد معلوم کر لیں

مولز کی تعداد = $\frac{\text{شے کا ماس}}{\text{شے کا مولر ماس}}$

$= \frac{9}{18}$

مولز کی تعداد = .5 moles

دوبارہ مالیکیولز کی تعداد = $6.02 \times 10^{23} \times$ مولز کی تعداد

$= 6.02 \times 10^{23} \times .5$

مالیکیولز کی تعداد = 3.01×10^{23} molecules

س 10: کوئلے (کاربن) کا ایک ٹکڑا جس کا وزن 9.0 گرام ہے۔ اس کوئلے کے ٹکڑے میں موجود کاربن کے مولز کی تعداد معلوم کریں۔

شے کا ماس = 9 g

شے کا مولر ماس = 12 g

مولز کی تعداد = ?

ہم جانتے ہیں۔ مولز کی تعداد = $\frac{\text{شے کا ماس}}{\text{شے کا مولر ماس}}$

$= \frac{9}{12}$

مولز کی تعداد = .75 moles

س 11: 40 گرام فاسفورک ایسڈ (H_3PO_4) میں کتنے گرام مالیکیولز یا مولز کی تعداد ہو گی۔

H_3PO_4 (شے) کا دیا گیا ماس = 40 g

H_3PO_4 کا مولر ماس = $3(1) + 31 + 16(4)$

$= 98$ g/mol

www.pakcity.org
pakcity.org

مالیکیول یا مولز کی تعداد = ?

$$\text{مولز کی تعداد} = \frac{\text{شے کا ماس}}{\text{شے کا مولر ماس}}$$

$$= \frac{40}{98}$$

مولز کی تعداد = .408 g

6 گرام پانی میں مولز اور مالیکیولز کی تعداد معلوم کیجئے 2

شے کا ماس = 6 g

pakcity.org

شے (H_2O) کا مولر ماس = 18 g

(a) مولز کی تعداد = ?

(b) مالیکیولز کی تعداد = ?

ہم جانتے ہیں

(a)

$$\text{مولز کی تعداد} = \frac{\text{شے کا ماس}}{\text{شے کا مولر ماس}}$$

$$= \frac{6}{18}$$

مولز کی تعداد = .33 moles

(b)

اب

مالیکیولز کی تعداد = ?

ہم جانتے ہیں

مالیکیولز کی تعداد = $6.02 \times 10^{23} \times$ مولز کی تعداد

$= 6.02 \times 10^{23} \times .33$

مالیکیولز کی تعداد = 1.99×10^{23} molecules

پانی کے ایک مول میں کتنے ہائیڈروجن ایٹم ہوتے ہیں۔ 3

ہائیڈروجن ایٹم کی تعداد = ?

پانی (H_2O) کے ایک مول میں ہائیڈروجن ایٹم کے = 2 moles

ہم جانتے ہیں

ایٹمز کی تعداد = $6.02 \times 10^{23} \times$ مولز کی تعداد

$= 6.02 \times 10^{23} \times 2$

ایٹمز کی تعداد = 12.044×10^{23} Atoms

Please visit for more data at: www.pakcity.org

4۔ پانی کے نصف مول میں کتنے مالیکیولز ہوتے ہیں۔

مولز کی تعداد (نصف) $= .5$

مالیکیولز کی تعداد $= ?$

ہم جانتے ہیں

مالیکیولز کی تعداد $= 6.02 \times 10^{23} \times$ مولز کی تعداد

$= 6.02 \times 10^{23} \times .5$

مالیکیولز کی تعداد $= 3.01 \times 10^{23}$ molecules

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

pakcity.org

ایٹم کی ساخت

1 رودرفورڈ کے تجربے کے دو مشاہدات لکھیئے۔

(i) تقریباً تمام الفا پارٹیکلز سونے کے ورق میں سے بغیر رستہ تبدیل کیے گزر گئے

(ii) تقریباً 20000 الفا پارٹیکلز میں سے صرف چند کا جھکاؤ بہت بڑے زاویہ پر ہوا اور بہت کم پارٹیکل سونے کے ورق سے ٹکرا کر واپس آئے۔

2 رودرفورڈ کے تجربے کے دو نتائج تحریر کریں۔

(i) الیکٹرونز نیوکلیس کے گرد گردش کرتے ہیں۔

(ii) ایٹم میں الیکٹرون اور پروٹان کی تعداد برابر ہوتی ہے۔

3 رودرفورڈ کے ماڈل کے نقائص لکھیئے۔

(i) کلاسیکل تھیوری کے مطابق الیکٹرونز چونکہ چارج رکھتے ہیں تو انہیں مسلسل گردش کرتے ہوئے مسلسل انرجی بھی خارج کرنی چاہیے اور آخر کار انرجی کے اختتام پر انہیں نیوکلیس میں گر جانا چاہیے لیکن حقیقت میں ایسا ہوتا نہیں

(ii) اگر الیکٹرونز مسلسل انرجی خارج کرتے ہیں تو الفا سپیکٹرم بھی مسلسل ہونا چاہیے لیکن حقیقت میں لائن سپیکٹرم بنتا ہے۔

4 کوانٹم سے کیا مراد ہے۔

کوانٹم کا مطلب مخصوص انرجی ہے۔ یہ انرجی کی سب سے کم مقدار ہے جو الیکٹرومیگنیٹک ریڈی ایشن کی صورت میں خارج یا جذب ہو سکتی ہے۔ کوانٹم کی جمع کوانٹا ہے۔

5 شیل اور سب شیل میں کیا فرق ہے مثالیں دیجئے۔

شیل	سب شیل
1 نیوکلیس کے گرد مخصوص راستے جن میں الیکٹرونز گردش کرتے ہیں شیل کہلاتے ہیں	1 شیل کے مزید چھوٹے حصے سب شیل کہلاتے ہیں
2 شیل سب شیل کا مجموعہ ہوتا ہے	2 سب شیل آربیٹل کا مجموعہ ہوتا ہے
3 شیل کی تعداد 7 ہے جو کہ بالترتیب K, L, M, N, O, P, Q ہے	3 سب شیل کی تعداد 4 ہے جو کہ s, p, d اور f ہے

www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

6 بوہر کی اٹامک تھیوری کے اہم نقات (یا) مفروضات تحریر کیجئے۔

1 الیکٹران نیوکلیس کے گرد مخصوص راستوں میں گردش کرتے ہیں جنہیں شیل یا آربٹ کہتے ہیں

2 ہر آربٹ کی مخصوص انرجی ہوتی ہے جو کہ کوانٹائزڈ ہے۔

3 جب تک کوئی الیکٹران آربٹ میں رہتا ہے، نہ تو وہ انرجی جذب کرتا ہے اور نہ ہی خارج کرتا ہے۔

4 الیکٹران انرجی تب خارج کرتا ہے جب وہ زیادہ انرجی والے آربٹ سے کم انرجی والے آربٹ میں آتا ہے اور جذب تب کرتا ہے جب کم انرجی والے آربٹ سے زیادہ انرجی والے آربٹ میں جاتا ہے۔

5 دو آربٹس کے درمیان انرجی کا فرق مندرجہ ذیل مساوات سے معلوم کیا جا سکتا ہے

$$\Delta E = h\nu$$

6 الیکٹرانز صرف ان آربٹس میں گردش کر سکتے ہیں جن کا اینگولر مومینٹم $mvr = \frac{nh}{2\pi}$ ہوتا ہے۔

7 ردرفورڈ کی اٹامک تھیوری اور بوہر کی اٹامک تھیوری میں موازنہ (یا) فرق لکھیئے

ردرفورڈ اٹامک تھیوری	بوہر اٹامک تھیوری
1 اسکی بنیاد کلاسیکل تھیوری پر تھی	1 اسکی بنیاد کوانٹم تھیوری پر تھی
2 اسکے مطابق الیکٹرونز نیوکلیس کے گرد گردش کرتے ہیں	2 اسکے مطابق الیکٹرانز نیوکلیس کے گرد گردش تو کرتے ہیں لیکن مخصوص آربٹس میں
3 اسکے مطابق ایٹم کو فنا ہو جانا چاہیے	3 ایٹم کو اپنا وجود برقرار رکھنا چاہیے
4 ایٹم کو مسلسل سپیکٹرم ظاہر کرنا چاہیے	4 ایٹم کو لائن سپیکٹرم ظاہر کرنا چاہیے

8 ایک شیل میں کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ کتنے الیکٹرونز سما سکتے ہیں

ایک شیل میں کم سے کم 2 الیکٹرونز اور زیادہ سے زیادہ 32 الیکٹرونز سما سکتے ہیں۔

9 الیکٹرونک کنفگریشن سے کیا مراد ہے۔

نیوکلیس کے گرد مختلف شیلز اور سب شیلز میں انکی بڑھتی ہوئی انرجی کے مطابق الیکٹرونز کی تقسیم کو الیکٹرونک کنفگریشن کہتے ہیں۔

www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

10 Cl^{-1} کی الیکٹرونک کنفگریشن کیجیے۔

Cl کا اٹامک نمبر 17 ہے جبکہ 1- چارج ظاہر کرتا ہے کہ اسکے پاس 1 الیکٹران اضافی ہے
چنانچہ کلورین Cl^{-1} کا اٹامک نمبر 18 ہوگا۔

$$_{18}Cl^{-1} = 1s^2, 2s^2, 2p^6, 3s^2, 3p^6$$

11 Mg^{+2} کی الیکٹرونک کنفگریشن لکھیے۔

$$_{10}Mg^{+2} = 1s^2, 2s^2, 2p^6$$

$$Al = 13$$

$$Al^{+3} = 10$$

$$Al^{+3} = 1s^2, 2s^2, 2p^6$$

12 فاسفورس آئن $^{31}_{15}P^{3-}$ کی الیکٹرونک کنفگریشن لکھیے۔

(فاسفورس کا اٹامک نمبر) $P = 15$

$$P^{3-} = 15 + 3 = 18$$

$$P^{3-} = 1s^2, 2s^2, 2p^6, 3s^2, 3p^6$$

13 ایسے ایلیمنٹ کی کنفگریشن لکھیے جسکا اٹامک نمبر 11 ہو۔

$$_{11}Na = 1s^2, 2s^2, 2p^6, 3s^1$$

14 اس نوبل گیس کا نام بتائیں جسکی الیکٹرونک کنفگریشن فاسفورس جیسی ہے

آرگون (Ar)

15 ایک ایلیمنٹ کا اٹامک نمبر 15 ہے۔ ایٹم کے K، L، اور M شیل میں کتنے کتنے الیکٹرونز موجود ہیں (یا) ایک ایلیمنٹ کے ویلنس شیل میں 5 الیکٹرانز ہیں۔ اسکا اٹامک نمبر معلوم کیجیے۔

وہ ایلیمنٹ فاسفورس ہے جسکا اٹامک نمبر 15 ہے

$$_{15}P = {}^{2}K, {}^{8}L, {}^{5}M$$

16 K، L، M اور N شیل میں کتنے الیکٹرونز سما سکتے ہیں۔

K میں 2، L میں 8، M میں 18 اور N میں 32 الیکٹرونز سما سکتے ہیں

$${}^{2}K, {}^{8}L, {}^{18}M, {}^{32}N$$

17 الیکٹرونک کنفگریشن لکھتے ہوئے کن باتوں کا علم ہونا ضروری ہے۔

pakcity.org
www.pakcity.org
Please visit for more data at: www.pakcity.org

(1) اٹامک نمبر (2) شیل اور سب شیل کی ترتیب کا (3) الیکٹران کی سب شیل میں تعداد کا

18 سپر سکرپٹ سے کیا مراد ہے۔

سپر سکرپٹ سے کیا مراد ہے

سپر سکرپٹ سے مراد سب شیلز میں الیکٹرونز کی تعداد کو ظاہر کرنا ہے

19 آئسوٹوپس کی تعریف کیجیے۔ مثال بھی دیجیے۔

ایسے ایلیمنٹس جنکے ایٹمز کا اٹامک نمبر ایک جیسا لیکن ماس نمبر مختلف ہو، آئسوٹوپس کہلاتے ہیں مثلاً ہائیڈروجن کے تین آئسوٹوپس $^{1}_{1}H, ^{2}_{1}H, ^{3}_{1}H$ ہیں

20 ہائیڈروجن کے تین آئسوٹوپس ہیں۔ شکل بنا کر واضح کیجیے

ہائیڈروجن کے تین آئسوٹوپس پروٹیم $^{1}_{1}H$، ڈیوٹیریم $^{2}_{1}H$، ٹریٹیم $^{3}_{1}H$ ہیں۔



$^{1}_{1}H$ پروٹیم $^{2}_{1}H$ ڈیوٹیریم $^{3}_{1}H$ ٹریٹیم

21 آئسوٹوپس کا ماس نمبر، اٹامک نمبر سے مختلف کیوں ہوتا ہے۔

کیونکہ آئسوٹوپ میں نیوٹران کی تعداد مختلف ہوتی ہے اسلیے آئسوٹوپس کا ماس نمبر مختلف ہوتا ہے۔

22 کاربن 12 اور کاربن 13 میں کتنے نیوٹرانز ہیں۔

C-12 میں 6 جبکہ C-13 میں 7 نیوٹرانز ہوتے ہیں

23 کاربن کے کتنے آئسوٹوپس ہیں۔ وضاحت کیجیے۔

کاربن کے تین آئسوٹوپس ہیں۔ ^{12}C، ^{13}C، ^{14}C ہیں۔ ^{12}C، ^{13}C قیام پذیر آئسوٹوپس ہیں جبکہ کاربن 14 ریڈیو ایکٹو آئسوٹوپ ہے۔

24 آئسوٹوپس کے دو استعمال لکھیے۔

یہ ریڈیو تھراپی (کینسر کا علاج) اور بیماری کی تشخیص کیلیے بطور ٹریسر استعمال ہوتے ہیں

25 کلورین کے دو آئسوٹوپس لکھیے۔

کلورین کے دو آئسوٹوپس $^{35}_{17}Cl$ اور $^{37}_{17}Cl$ ہیں۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

pakcity.org

پہلے آربٹ کیلیے الیکٹران کا اینگولر مومینٹم معلوم کیجیے۔ 26

پہلے آربٹ یا شیل کیلیے $n = 1$

ہم جانتے ہیں $mvr = \frac{nh}{2\pi}$

$$mvr = \frac{1 \times 6.6 \times 10^{-34}}{2 \times 3.14}$$

$\because h = 6.6 \times 10^{-34}$ kgm^2/s

$$mvr = 1 \times 10^{-34}$$

کاربن ڈیٹنگ سے کیا مراد ہے۔ 27

کاربن پر مشتمل پرانے اجسام کی عمر معلوم کرنے کا طریقہ کاربن ڈیٹنگ کہلاتا ہے۔

ریڈیو ایکٹو آئسوٹوپس ڈیٹنگ سے کیا مراد ہے۔ 28

ریڈیو ایکٹو آئسوٹوپس کی ہاف لائف کی بنیاد پر بہت پرانے اجسام کی عمر معلوم کرنے کا طریقہ ریڈیو ایکٹو آئسوٹوپس ڈیٹنگ کہلاتا ہے (یا) ریڈیو ایکٹو کاربن ڈیٹنگ کہلاتا ہے۔

www.pakcity.org

میگنیشیم کیوں الیکٹران دینے کی صلاحیت رکھتا ہے 29

میگنیشیم ایک الیکٹرو پازیٹو ایلیمنٹ ہے اور آکٹیٹ رول کے مطابق قیام پذیر حالت میں آنے کیلیے الیکٹران دیتا ہے۔

کسی ایلیمنٹ کے آئسوٹوپ کی کیمیکل خصوصیات ایک جیسی کیوں ہوتی ہیں۔ 30

کیونکہ انکی الیکٹرونک کنفگریشن ایک جیسی ہوتی ہے۔

آثار یاتی اور ارضیاتی مقاصد کیلیے آئسوٹوپس کے استعمال لکھیئے 31

فوسلز مثلاً مردہ پودوں، جانوروں اور پتھروں وغیرہ کی عمر کا اندازہ لگانے کیلیے ریڈیو ایکٹو آئسوٹوپس استعمال کیے جاتے ہیں

pakcity.org

میکس پلانک کو کیوں نوبل پرائز سے نوازا گیا۔ 32

کوانٹم تھیوری پیش کرنے کی وجہ سے

جب کوئی الیکٹران خارج کرتا ہے (یا) حاصل کرتا ہے تو ایٹم پر چارج کی نوعیت کیا ہوتی ہے۔ 33

جب کوئی ایٹم الیکٹران خارج کرتا ہے تو اس پر پوزیٹو چارج آجاتا ہے جبکہ جب کوئی ایٹم الیکٹران جذب کرتا ہے تو اس پر نیگیٹو چارج آجاتا ہے

Please visit for more data at: www.pakcity.org

1. ایلیمنٹ کا اٹامک نمبر، اسکے اٹامک ماس کے مقابلے میں کیوں زیادہ اہمیت رکھتا ہے

کیونکہ اٹامک نمبر ہر ایلیمنٹ مخصوص ہوتا ہے۔ یہ ایک مکمل نمبر ہے۔ جبکہ اٹامک ماس مختلف ہو سکتا ہے جیسا کہ آئسوٹوپس کے اٹامک ماس مختلف ہوتے ہیں۔
وہ خصوصیات جو کسی خاص وقفے کے بعد دہرائی جائیں، پیریاڈک فنکشن کہلاتی ہیں۔ مثلاً کیمیائی خصوصیات

2. لانگ فارم آف پیریاڈک ٹیبل سے کیا مراد ہے؟

پیریاڈک ٹیبل کی موجودہ شکل کو لانگ فارم آف پیریاڈک ٹیبل کہتے ہیں۔

3. پیریاڈک ٹیبل میں کتنے بلاکس ہیں۔

پیریاڈک ٹیبل میں چار بلاکس ہیں۔ s، p، d و f

4. گروپ 13 تا 18 کے عناصر کو p بلاک میں کیوں رکھا گیا ہے؟

کیونکہ ان گروپس میں پائے جانے والے ایلیمنٹس کے ویلنس الیکٹران p سب شیل میں مکمل ہوتے ہیں۔ اسلیے ان عناصر (ایلیمنٹس) کو p بلاک عناصر بھی کہتے ہیں۔

5. گروپ I اور II کو (یا) دونوں گروپس کو "s" بلاک ایلیمنٹس کیوں کہا جاتا ہے؟

کیونکہ ان گروپس میں پائے جانیوالے ایلیمنٹس کے ویلنس (آخری) الیکٹرانز s سب شیل میں جا کر مکمل ہوتے ہیں۔ اسلیے ان ایلیمنٹس کو s بلاک ایلیمنٹس کہا جاتا ہے۔

6. سب شیل کتنے ہیں۔ ان میں الیکٹرانز کی تعداد لکھیے۔

چار سب شیل ہیں s، p، d اور f۔ s میں 2، p میں 6، d میں 10 اور f میں 14 الیکٹرانز ہوتے ہیں

7. لینتھانائیڈز سیریز کو یہ نام کیوں دیا گیا ہے (یا) لینتھانائیڈز کی تعریف کریں۔

لینتھینم ^{57}La کے بعد آنیوالے چودہ ایلیمنٹس کو لینتھانائیڈز کہتے ہیں کیونکہ یہ لینتھینم کے بعد آتے ہیں اسلیے ان کو لینتھانائیڈز سیریز کا نام دیا گیا ہے

8. ایکٹنائیڈز سے کیا مراد ہے (یا) ایکٹنائیڈز کو یہ نام کیوں دیا گیا ہے۔

ایکٹینیم ^{89}Ac کے بعد آنیوالے 14 ایلیمنٹس کو ایکٹنائیڈز ایلیمنٹس کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ ایکٹنیم کے بعد شروع ہوتے ہیں اسلیے ان کو ایکٹنائیڈز ایلیمنٹس کہتے ہیں۔

9. لینتھانائیڈز اور ایکٹنائیڈز کو پیریاڈک ٹیبل میں الگ کیوں رکھا گیا ہے۔

کیونکہ اگر انکو پیریاڈک ٹیبل میں اکٹھا رکھتے ہیں تو پیریاڈک ٹیبل میں پیریڈز لمبے ہو جاتے تھے اور ایلیمنٹس کی الیکٹرونک کنفگریشن کی ترتیب ہو جاتی تھی جس سے انکی کیمیائی خصوصیات کو سمجھنے میں دشواری پیش آتی تھی۔ اسلیے ان کو پیریاڈک ٹیبل سے الگ رکھا گیا ہے۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org

10 پہلے گروپ میں پائے جانے والے ایلیمنٹس کے نام لکھئے۔

حالی نے کی دب سے نریاد

H، Li، Na، K، Rb، Cs، Fr (ہائیڈروجن، لیتھیم، سوڈیم، پوٹاشیم، روبیڈیم، سیزیم، فرانسیم)

11 ٹرانزیشن میٹلز یا ایلیمنٹس سے کیا مراد ہے؟

گروپ 3 سے لیکر گروپ 12 تک کے ایلیمنٹس کو ٹرانزیشن ایلیمنٹس کہتے ہیں۔

12 پہلے پیریڈ میں کتنے ایلیمنٹس پائے جاتے ہیں۔ انکے کیا نام ہیں؟

پہلا پیریڈ شارٹ پیریڈ کہلاتا ہے اس میں دو ایلیمنٹس ہیں۔ ہائیڈروجن (H) اور ہیلیم (He)

13 پیریاڈک ٹیبل میں نوبل گیسوں کی پوزیشن اور نام لکھیئے۔

پیریاڈک ٹیبل میں گروپ 18 میں پائے جانے والے ایلیمنٹس نوبل گیسیں ہیں۔

نوبل گیسوں کے نام؟ ہیلیم، نی اون، آرگان، کرپٹون، زینان اور ریڈان (ہیلو نوید آڈکرے ایکسرے)

14 نوبل گیسیں کیوں ری ایکٹو نہیں (یا) نوبل گیس غیر عامل کیوں ہوتی ہیں۔

(یا) نوبل گیسوں کو یہ نام کیوں دیا گیا ہے؟

کیونکہ ان کے ویلنس شیل مکمل ہوتے ہیں۔ اسلیے نہ یہ الیکٹران لیتی ہیں اور نہ ہی الیکٹران دیتی ہیں لہذا نارمل کنڈیشن میں یہ غیر عامل ہوتیں ہیں۔

15 کاربن فیملی کی عمومی الیکٹرانک کنفگریشن لکھیے۔

کاربن فیملی کی عمومی الیکٹرونک کنفگریشن ns^2, np^2 ہے۔

16 پیریاڈک فنکشن سے کیا مراد ہے؟

ایلیمنٹس کی خصوصیات میں مماثلت (مشابہت) کو پیریاڈک فنکشن کہتے ہیں۔

17 شیلڈنگ ایفیکٹ کی تعریف کریں۔ پیریڈ میں اسکا رجحان لکھیے

ایٹم کے نیوکلیس اور ویلنس شیل کے درمیان موجود الیکٹرانز، ویلنس شیل میں موجود الیکٹرانز پر نیوکلیئر چارج کی اٹریکشن (نیوکلیس کی کشش) کو کم کر دیتے ہیں۔ اسطرح ویلنس الیکٹرانز اصل نیوکلیئر چارج سے کم نیوکلیئر چارج محسوس کرتے ہیں اسے شیلڈنگ ایفیکٹ کہتے ہیں۔ گروپ میں اوپر سے نیچے شیلڈنگ ایفیکٹ میں کمی ہوتی ہے اور پیریڈ میں اس کا کوئی رجحان نہیں ہے۔

(یا)

اندرونی شیل میں موجود الیکٹرانز کی وجہ سے، ویلنس شیل میں موجود الیکٹرانز پر نیوکلیس کی کشش کی قوت کم ہوجاتی ہے اسے شیلڈنگ ایفیکٹ کہتے ہیں۔

www.pakcity.org
Please visit for more data at: www.pakcity.org

18 زیڈ ایفکٹ کیا ہے یا Z- ایفکٹ کیا ہے؟

ویلنس شیل میں موجود الیکٹرانز اصل نیوکلیئر چارج سے کم نیوکلیئر چارج محسوس کرتے ہیں اسلئے اسے زیڈ ایفکٹ کہتے ہیں۔

19 اٹامک ریڈیس کی تعریف اور مثال لکھیں۔

دو جڑے ہوئے ایٹمز کے نیوکلیائی کے درمیان فاصلے کے نصف کو اس ایٹم کا اٹامک ریڈیس کہتے ہیں۔ مثال :- کے طور پر ایلیمنٹ کی حالت میں کاربن کے نیوکلیائی کے درمیان 154 پیکو میٹر فاصلہ ہوتا ہے اسکا نصف 77Pm اٹامک ریڈیس ہوگا۔

20 اٹامک ریڈیس کا پیریڈ اور گروپ میں رجحان لکھیں۔

اٹامک ریڈیس پیریڈ میں بائیں سے دائیں جانب کم ہوتا ہے کیونکہ ایک شیل میں الیکٹرانز بتدریج داخل ہوتے ہیں۔ الیکٹرانز کے مخالف نیوکلیس میں پروٹان بھی بڑھتے ہیں جس سے نیوکلیس کی کشش بیرونی شیل پر بڑھتی ہے جس سے ایٹم کا سائز کم ہوتا ہے اور اگر ایٹم کا سائز کم ہوگا تو اٹامک ریڈیس کم ہوگا

گروپس میں اٹامک ریڈیس اوپر سے نیچے بڑھتا ہے کیونکہ شیل کی تعداد بڑھتی ہے۔

21 آئیونائزیشن انرجی کی تعریف اور یونٹ لکھیں۔

کسی بھی گیسی حالت میں آزاد ایٹم کے ویلنس شیل میں سے سب سے کم اٹریکشن والے الیکٹرون کو خارج کرنے کیلئے درکار انرجی آئیونائزیشن انرجی کہلاتی ہے۔ اسکا یونٹ kJmol ہے

22 دوسری آئیونائزیشن انرجی پہلی آئیونائزیشن انرجی سے زیادہ کیوں ہوتی ہے۔

کیونکہ ایک الیکٹران کے اخراج کے بعد باقی الیکٹران پر نیوکلیس کی کشش کی فورس بڑھ جاتی ہے مثلاً میگنیشیم کی پہلی آئیونائزیشن انرجی 735kJ/m ہے جبکہ دوسری آئیونائزیشن انرجی 1143kJ/m ہے۔

23 سوڈیم (Na) کی آئیونائزیشن انرجی میگنیشیم سے کم کیوں ہے؟

کیونکہ سوڈیم پر نیوکلیئر چارج (نیوکلیس کی کشش) کم ہوتا ہے جبکہ میگنیشیم پر زیادہ ہوتا ہے۔

24 الیکٹران افینٹی سے کیا مراد ہے؟

کسی گیسی ایٹم کے ویلنس شیل میں ایک الیکٹران جذب ہونے پر خارج ہونے والی انرجی الیکٹران افینٹی کہلاتی ہے۔ اسکا یونٹ kJ/mol ہے۔

www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

25 لونگ فارم آف پریاڈک ٹیبل کی دو خامیاں تحریر کریں۔

لونگ فارم آف پریاڈک ٹیبل کی دو خامیاں مندرجہ ذیل ہیں۔

(i) ہائیڈروجن کی پوزیشن :- لونگ فارم آف پریاڈک ٹیبل کا سب سے بڑا نقص ہائیڈروجن کی پوزیشن ہے۔ ہائیڈروجن کو گروپ I میں رکھا گیا ہے۔ ہائیڈروجن ایک گیسی ایلیمنٹ ہے جبکہ گروپ I کے باقی تمام ایلیمنٹس ٹھوس میٹلز ہیں۔ ایک گیس کو ٹھوس میٹلز کے ساتھ رکھنا غلط ہے۔

pakcity.org

(ii) ہیلیم کی پوزیشن :- ہیلیم کی الیکٹرونک کنفگریشن کے مطابق ہیلیم کو s بلاک میں رکھنا چاہیے۔ جبکہ ہیلیم کو P بلاک میں رکھا گیا ہے جو کہ غلط ہے۔

26 ایک پریڈ میں ایٹم کا سائز باقاعدگی سے کم کیوں نہیں ہوتا۔

شیلڈنگ ایفیکٹ کی وجہ سے پریڈ میں ایٹم کا سائز باقاعدگی سے کم نہیں ہوتا۔

27 P بلاک ایلیمنٹس کو یہ نام کیوں دیا گیا ہے اور P بلاک میں کونسے گروپس شامل ہیں۔

کیونکہ اس بلاک میں پائے جانے والے تمام ایلیمنٹس کے ویلنس الیکٹرانز P سب شیل میں جا کر مکمل ہوتے ہیں اسلیے انکو P بلاک میں رکھا گیا ہے اور P بلاک ایلیمنٹس کہتے ہیں۔

P بلاک میں گروپ 13 تا 18 شامل ہیں۔

28 گروپ I کے ایلیمنٹس الکلی میٹلز کیوں کہلاتے ہیں۔

گروپ I کے ایلیمنٹس طاقتور ہائیڈرو آکسائیڈز بناتے ہیں اور یہ ہائیڈرو آکسائیڈ عام طور پر الکلیز کہلاتے ہیں۔ اسلیے گروپ I کے ایلیمنٹس کو بھی الکلی میٹلز کہا جاتا ہے۔

29 الیکٹرونیگیٹیوٹی کی ویلیو معلوم کرنے کیلیے کونسی سکیل استعمال ہوتی ہے۔

ایلیمنٹس کی الیکٹرونیگیٹیوٹی معلوم کرنے کیلیے زیادہ تر پالنگ سکیل اور ملی کن سکیل استعمال ہوتی ہیں۔

30 وہ کونسا فیکٹر ہے جو شیلڈنگ ایفیکٹ کی مقدار پر اثر انداز ہوتا ہے۔

اندرونی شیلز میں موجود الیکٹرانز کی تعداد، شیلڈنگ ایفیکٹ پر اثر انداز ہوتی ہے۔

31 جدید پریاڈک لا تحریر کریں (یا) موزلے کا پریاڈک لا تحریر کریں۔

ایلیمنٹس کی خصوصیات، انکے اٹامک نمبرز کا پریاڈک فنکشن ہیں۔

1. کیمیکل بانڈ (یا) کیمیکل فورسز کی تعریف کریں۔

کشش کی وہ فورسز جو مختلف ایٹمز کو ایک مالیکیول میں جوڑے رکھتی ہیں کیمیکل بانڈ کہلاتی ہیں

2. ایٹمز کیمیکل بانڈ کیوں بناتے ہیں۔

ایٹمز اپنی توانائی کو کم کر کے مستحکم حالت میں آنے کیلیے کیمیکل بانڈ بناتے ہیں۔ (یا) ایٹمز نوبل گیسوں جیسی الیکٹرونک کنفگریشن حاصل کرنے کیلیے کیمیکل بانڈ بناتے ہیں

3. ڈوبلیٹ رول کیا ہے۔

ویلنس شیل کو پورا کرنے کیلیے دو الیکٹرانز کا حصول ڈوبلیٹ رول کہلاتا ہے۔ یہ رول صرف ہائیڈروجن پر لاگو ہوتا ہے

4. آکٹیٹ رول بیان کریں

ویلنس شیل پورا کرنے کیلیے آٹھ الیکٹرانز کا حصول آکٹیٹ رول کہلاتا ہے

5. نوبل گیسیں نان ریکٹو کیوں ہوتی ہیں (یا) نوبل گیسوں کو یہ نام کیوں دیا گیا ہے

نوبل گیسوں کے ویلنس شیل مکمل ہوتے ہیں اور الیکٹرانز کے حصول کیلیے یہ کسی دوسرے ایٹم سے تعامل نہیں کرتیں۔ اسیلیے یہ نان ریکٹو ہوتی ہیں

6. بانڈنگ الیکٹرانز (یا) بانڈ پیئر آف الیکٹرونز اور لون پیئر آف الیکٹرونز کی تعریف کریں

بانڈ پیئر آف الیکٹرونز (یا) بانڈنگ الیکٹرونز: بانڈ بنانے میں حصہ لینے والے الیکٹرانز بانڈنگ پیئر آف الیکٹرونز کہلاتے ہیں



لون پیئر آف الیکٹرونز: الیکٹرانز کا وہ جوڑا جو ایک ایٹم دوسرے ایٹم کو ادھار دے سکتا ہے لون پیئر آف الیکٹرانز کہلاتا ہے۔ $\ddot{N}H_3$ ← لون پیئر آف الیکٹرانز

7. کوویلنٹ بانڈ میں پولیریٹی کیوں آجاتی ہے

الیکٹرونیگیٹیویٹی کے فرق کی وجہ سے

8. آئیونک بانڈ اور کوویلنٹ بانڈ میں کیا فرق ہے۔

آئیونک بانڈ: ایسا کیمیکل بانڈ جو ایک ایٹم کی دوسرے ایٹم تک الیکٹرون کی مکمل منتقلی کے نتیجے میں بنتا ہے۔ آئیونک بانڈ کہلاتا ہے۔ **مثلاً** سوڈیم کلورائیڈ NaCl میں بننے

والا بانڈ آئیونک ہوتا ہے۔

کوویلینٹ بانڈ: ایسا بانڈ جو دو ایٹمز کے درمیان الیکٹرونز کے اشتراک سے بنے کوویلینٹ بانڈ کہلاتا ہے۔ **مثلاً** ہائیڈروجن H_2 کے درمیان پایا جانیوالا بانڈ کوویلینٹ بانڈ کہلاتا ہے

9 سنگل کوویلینٹ بانڈ کی تعریف کریں۔ مثال دیجئے۔

دو ایٹمز کے درمیان ایک ایک الیکٹران کے اشتراک سے بننے والا بانڈ سنگل کوویلینٹ بانڈ کہلاتا ہے۔ **مثلاً** H_2 کے درمیان بننے والا بانڈ سنگل کوویلینٹ بانڈ ہوتا ہے۔

H_2 , $H\cdot + \times H \longrightarrow H\cdot\times H$ or $H - H$ سنگل کوویلینٹ بانڈ

10 ڈبل کوویلینٹ بانڈ کی تعریف کریں۔ مثال دیجئے۔

دو ایٹمز کے درمیان دو دو الیکٹرانز کے اشتراک (شیئرنگ) سے بننے والا بانڈ ڈبل کوویلینٹ بانڈ کہلاتا ہے۔ **مثلاً** آکسیجن O_2 کے درمیان بننے والا بانڈ ڈبل کوویلینٹ بانڈ ہوتا ہے۔

O_2 , $\ddot{O}: + \times\ddot{O}\times \longrightarrow \ddot{O}::\ddot{O}$ or $O = O$

11 ٹرپل کوویلینٹ بانڈ کی تعریف کریں۔ مثال دیجئے۔

دو ایٹمز کے درمیان تین تین الیکٹرونز کے اشتراک سے بننے والا بانڈ ٹرپل کوویلینٹ بانڈ کہلاتا ہے۔ **مثلاً** نائٹروجن N_2 کے درمیان بننے والا بانڈ ٹرپل کوویلینٹ بانڈ ہوتا ہے

N_2 , $:\dot{N}: + \times N\times \longrightarrow :N\vdots\vdots N:$ or $N \equiv N$

12 پولر بانڈ کی تعریف کریں۔ مثال دیجئے۔

دو ایٹمز کے درمیان الیکٹرونیگیٹیویٹی کے فرق کی وجہ سے بانڈ پیئر کی اٹریکشن غیر مساوی ہو جاتی ہے اسکے نتیجے میں بننے والا بانڈ پولر بانڈ کہلاتا ہے۔ **مثلاً** HCl میں پایا جانیوالا بانڈ پولر بانڈ ہوتا ہے

13 پولر کوویلینٹ بانڈ اور نان پولر کوویلینٹ بانڈ کی تعریف کریں۔

پولر کوویلینٹ بانڈ: دو مختلف ایٹمز کے درمیان الیکٹرونیگیٹیویٹی کے مخصوص فرق کی وجہ سے بننے والا بانڈ پولر کوویلینٹ بانڈ کہلاتا ہے۔ **مثلاً** HCl میں پایا جانیوالا بانڈ پولر بانڈ ہوتا ہے۔

نان پولر کوویلینٹ بانڈ: دو ایک جیسے ایٹمز کے درمیان الیکٹرونیگیٹیویٹی کے زیرو فرق کی وجہ سے بننے والا بانڈ نان پولر کوویلینٹ بانڈ کہلاتا ہے۔ **مثلاً** H_2 یا Cl_2 کے درمیان پایا جانیوالا بانڈ

www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

14 نائٹروجن اور ایتھائن کے مالیکیول میں کس قسم کا بانڈ پایا جاتا ہے۔

ٹرپل کوویلنٹ بانڈ

15 ڈیٹو (یا) کوآرڈی نیٹ کوویلنٹ بانڈ سے کیا مراد ہے۔ مثال دیجیے۔

ایسا کیمیکل بانڈ جس میں الیکٹرونز کا جوڑا صرف ایک ہی ایٹم دے۔ ایسا بانڈ ڈیٹو کوویلنٹ بانڈ کہلاتا ہے۔ **مثلاً** NH_3 اور H^+ کے درمیان پایا جانیوالا بانڈ، ڈیٹو کوویلنٹ بانڈ کہلاتا ہے۔

16 ڈونر اور ایکسیپٹر ایٹم کیا ہوتے ہیں۔

ڈونر :- وہ ایٹم جو بانڈ پیئر دیتا ہے ڈونر ایٹم کہلاتا ہے **مثلاً** امونیا NH_3 میں N نائٹروجن ڈونر ایٹم ہے کیونکہ یہ الیکٹرانز کا پیئر (جوڑا) دیتا ہے۔

ایکسیپٹر :- وہ ایٹم جو بانڈ پیئر وصول کرتا ہے ایکسیپٹر کہلاتا ہے۔ **مثلاً** BF_3 میں B بوران ایکسیپٹر ایٹم ہے کیونکہ یہ الیکٹرانز کا جوڑا وصول کرتا ہے۔

17 میٹیلک بانڈ کی تعریف کیجیے اور مثال دیں۔

ایسا بانڈ جو میٹلک ایٹمز کے درمیان موبائل الیکٹرونز اور پازیٹو چارجز کے درمیان تشکیل پائے میٹلک بانڈ کہلاتا ہے۔ تمام میٹلز میں میٹلک بانڈ پایا جاتا ہے۔

18 میٹلز الیکٹریسٹی (یا) حرارت کی اچھی کنڈکٹر ہوتی ہیں کیوں؟

کیونکہ ان میں فری موبائل الیکٹرانز ہوتے ہیں اسلیے۔

19 ڈائی پول ڈائی پول انٹریکشن (یا) فورسز سے کیا مراد ہے۔

جب کسی مالیکیول کا پارشیلی پازیٹو چارج دوسرے مالیکیول کے پارشیلی نیگیٹو چارج ایٹم کو کشش کرے، تو کشش کی اس فورس کو ڈائی پول ڈائی پول انٹریکشن کہتے ہیں۔

